<u>مفتی کفایت اللہ:</u> آن کرنے کیلئے آسمان کی طرف دیکھنا پڑتا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی تعزیتی اجلاس ہے۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، افتخار خان شاگئ آج ہم میں موجود نہیں ہیں اور ہم تمام اس کے Colleagues، اس کی جدائی پر بہت زیادہ ہمیں صدمہ ہے۔ جناب سپیکر، افتخار خان شاگئ کے بارے میں ساتھیوں نے ان کی زندگی کے تمام پہلو اجاگر کئے لیکن میں Mention کروں گا، ایک

بات پھر بھی رہ گئی ہے۔ جناب سپیکر، میرے پیشرو مقررین نے اس موضوع پر جتنی باتیں کیں ہیں، مجھے ان سے اتفاق ہے لیکن ہمارے درمیان ایک تقسیم تو موجود ہے، ایک کو ہم اپوزیشن کہتے ہیں اور ایک کو ہم حکومت کہتے ہیں اور میں بہت ادب سے کہوں گا کہ جب حکومت کی طرف سے کوئی ترمیم، بل یا کوئی مؤقف سامنے آتا ہے تو اس کی حمایت اپوزیشن والے نہیں کرتے، الاماشاء اللہ استثنیٰ تو ہر قانون میں ہے اور جب ہم اپوزیشن والے کوئی بات لے آتے ہیں تو حکومت بھی اس کو اپنی انا کا مسئلہ بنالیتی ہے لیکن وہ سیٹ جو آج خالی ہے، میں نے اس سیٹ کے مسند نشین کو دیکھا ہے کہ آواز یہاں سے آئی ہے تو انہوں نے اس کا ساتھ دیا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا قابل فخر پارلیمانی کردار ہے کہ انہوں نے سچائی اور صداقت کا ساتھ دیا۔ انہوں نے ہمارے لئے یہی بات چھوڑی ہے کہ جب کوئی بات سامنے آجائے تو اس کو اسلئے رد نہ کیا جائے کہ وہ اپوزیشن کی طرف سے ہے یا وہ چھوٹی آواز ہے یا جن لوگوں نے یہ آواز اٹھائی ہے، وہ حکومت والوں کو پسند نہیں ہے۔ یہ بات چھوڑیئے کہ آپ بے شک حکومتی بنچوں پر بیٹھے ہوں اور یہ کہ حکمران آپ پر نظر بھی رکھے لیکن جب حق وصداقت کی بات آتی ہے تو افتخار خان شاکی نے ایک سے زیادہ دفعہ وہاں کھڑے ہو کر اس ووٹنگ میں حصہ لیا ہے جس ووٹنگ کو عام طور پر حکومتی بنچ اچھا نہیں سمجھتے۔ میں ان کے اس کردار پر اسے خراج تحسین بھی پیش کرتا ہوں اور میں انہیں سلام بھی پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر، آج 27 دسمبر قریب سے گزرا ہے اور یہاں محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے بارے میں تعزیتی الفاظ اور خراج تحسین کے الفاظ آگئے ہیں اور یہ بات بہت بری ہوگی، لوگ ہمارا مؤقف بھی محترمہ بینظیر بھٹو کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔ جناب سپیکر، محترمہ بینظیر بھٹو اس قوم کی کامن پراپرٹی تھی، وہ صرف پیپلز پارٹی کی قائد نہیں تھیں بلکہ وہ ایسی ہمہ گیر شخصیت تھیں کہ اب وہ پورے ملک کی لیڈر تھیں اور ان کو کسی ایک پارٹی سے اب جوڑ دینا ان کی توہین ہوگی، یہ ان کی عزت واحترام نہیں ہوگی۔ میں محترمہ شہید بھٹو کی شہادت، ان کے خاندان کی شہادت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

قابل احترام سپیکر صاحب، آپ نے اندازہ نہیں لگایا ہوگا کہ ہمارے ہاں جب ایک قتل ہوجاتا ہے اور جس سوراخ سے وہ قتل ہوتا ہے تو پھر دانشمند، عقلمند لوگ جاکر اس سوراخ میں کوئی چیز رکھ لیتے ہیں کہ دوبارہ

اس سوراخ سے ڈسا نہ جائے۔ میں اپنے معزز اراکین خصوصاً عبدالاکبر خان کی توجہ ضرور چاہوں گا کہ وہ تائیدی سر اس میں ضرور ہلائیں کہ ذوالفقار علی بھٹو شہید ہو گئے اور ذوالفقار علی بھٹو کے بعد مرتضی بھٹو بھی شہید ہو گئے اور مرتضی بھٹو کے بعد محترم شاہنواز بھٹو بھی شہید ہو گئے اور پھر محترمہ بھی شہید ہو گئی ہیں۔ میں میاں افتخار حسین صاحب کی جذباتی تقریر سے اتفاق کرتا ہوں لیکن انہوں نے یزید کا تعین نہیں کیا ہے۔ یہ تو ٹھیک ہے ہم حسین ہیں اور ہم یزید کے خلاف ہیں لیکن آپ کو اس فورم پر یہ بھی بتانا ہو گا کہ یزید کون ہے؟ محترمہ بینظیر بھٹو کے قاتل وہی یزید ہے جس نے شاہنواز بھٹو کو قتل کیا ہے۔ شاہنواز بھٹو کے قاتل وہی یزید ہے جس نے مرتضی بھٹو کو قتل کیا ہے اور مرتضی بھٹو کا قاتل وہی یزید ہے جس نے ذوالفقار علی بھٹو کو قتل کیا ہے اور یہ کیوں قتل کیا ہے؟ کہ وہ اپنی بات منوانا چاہتے ہیں یا ایسے لوگ موجود ہیں کہ آپ کو اظہار رائے کی آزادی کیلئے نہیں چھوڑتے۔ وہ پلان کرتے ہیں آپ نے کیا کرنا ہے، آپ نے کیا بولنا ہے، آپ نے کس طرح استعمال ہونا ہے؟ اظہار رائے کی آزادی کی سزا جس طرح محترمہ بینظیر بھٹو کو ملی، ان کے والد کو بھی ملی ہے، ان کے خاندان کو بھی ملی ہے اور ہم تو وہ بدبخت، بدقسمت قوم ہیں کہ اظہار رائے کی آزادی کی وجہ سے ہمارا مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن گیا ہے اور ہم نے ایک حصے کو گنوا دیا ہے، پھر بھی ہمیں خیال نہیں آیا۔ خدا را ہم، ان قوتوں سے میں کہتا ہوں کہ ہماری جان چھوڑ دیں، سیاستدانوں کو سیاست کرنے دیں، عوام کو ان کے پیچھے جانے دیں، آپ کیوں قدغن لگاتے ہیں، کیوں پابندی لگاتے ہیں؟ اور پھر یہ خصامت اور یہ رذالت اس حد تک آ جاتی ہے کہ جب کوئی قومی اور عوامی لیڈر آپ کی بات کو نہیں مانتا تو آپ اس کو قتل کر دیتے ہیں اور یہ قتل ہو جانا اس تاریخ کا حصہ ہے۔ آج ہمیں دبے الفاظ میں سہی لیکن ایوان کو اتفاق کرنا پڑے گا کہ اظہار رائے کی آزادی اس ملک کا اصل مسئلہ ہے اور جب اظہار رائے کی آزادی ہو گی تو کوئی قتل نہیں ہو گا لیکن جب اس پر قدغن شروع ہو جائے گی، لوگ اپنے ضمیر کے غلام ہوتے ہیں، اپنے ضمیر کی بات کرتے ہیں اور ضمیر کی بات روکنے والی قوت منحوس قوت ہے، قابل ملامت قوت ہے، اس کی مذمت کرنی چاہیئے۔ یہی یزید ہے جس نے کل باپ کو مارا ہے، آج اس یزید نے اس کی بیٹی کو مارا ہے، اس یزید کو پہچان لو حسینیو، اور اس کے راستے میں سینہ سپر ہو جاؤ اور یہ بتاؤ کہ آئندہ اس طرح کا قتل ہم برداشت نہیں کریں گے۔ جناب سپیکر، میں بہت زیادہ اس ایوان کی روایت پر خوش ہوں، آپ کی سربراہی میں اس ایوان میں کوئی بات ہو جاتی ہے تو مشترکہ قرارداد سامنے آ جاتی ہے، یہ اسمبلی جو مظاہرہ کرتی ہے، یہ دیگر سسٹر اسمبلیاں اس طرح مظاہرہ نہیں کرتیں۔ میرے بھائی نے بالکل یہ کہا ہے کہ خودکش

حملے میں وہاں بے گناہ معصوم، میں اس کی مذمت کرتا ہوں اور اس سے بھی اتفاق، یہ درست ہے کہ وہ یہ کہتا ہے کہ خودکش حملہ آور کا راستہ رک نہیں جاتا لیکن محترم سپیکر صاحب، میں یہ بتانا ضروری سمجھوں گا کہ خودکشی کے اسباب تو معلوم کئے جا سکتے ہیں، خودکشی کے اسباب معلوم کر کے ہم اس کا راستہ بھی روک سکتے ہیں۔ کوئی بات نہیں کہ ہم مذاکرات نہ کریں۔ مذاکرات، مذاکرات مذاکرات سے نہیں ہوں گے، مذاکرات اسلئے نہیں ہوتے کہ کہا جاتا ہے کہ آپ پہلے بندوق رکھیں، بعد میں مذاکرات کریں۔ یہ پشتو کا وطن ہے اور علاقہ ہے، اس میں کوئی بندوق نہیں رکھتا۔ آپ نے اپنی انانیت کو چھوڑ کر مذاکرات کرنے ہیں اور ہم آپ کے Guarantor ہیں۔ انشاء اللہ اپوزیشن حکومت کے قدم کیساتھ قدم ملائے گی، جب آپ حقیقی مذاکرات کریں گے تو یہ ملک، یہ صوبہ امن کا متلاشی ہے اور ضرور یہ امن آئے گا لیکن اس کیلئے حکومت نے کچھ آگے جانا ہوگا۔ جناب سپیکر، میں یہ بات میاں افتخار حسین کی گنجائش کیساتھ ہی گنجائش کو ساتھ ملاتا ہوں، یہ آپ کی بھی آواز ہے کہ ہمارے مظلوم فلسطینی بھائیوں پر اسرائیل نے حملہ کر دیا ہے۔ ایک طرف نہتے اور معصوم ہیں، دوسری طرف ظلم و بربریت ہے اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ اسرائیل چونکہ امریکہ کی ناجائز اولاد ہے، وہ امریکہ کی اشیر باد کے بغیر یہ حملہ نہیں کر سکتا۔ آج غزہ کی پٹی پر 350 معصوم مسلمان مار دیئے گئے ہیں، آزادی ان کو نہیں دی جا رہی۔ میں اس ایوان کے معزز اراکین سے یہ بھی مطالبہ کروں گا کہ جب یہ وقت آ جائے تو اس وقت پہ بھی ہمیں Unanimous ایک قرارداد سامنے لانی چاہیئے تاکہ صوبہ سرحد کے عوام کی نمائندگی ہو۔ غنی خان کا کوئی شعر تو مجھے یاد نہیں ہے البتہ میں رحمان بابا کا ایک شعر میاں افتخار حسین کی نذر کرلیتا ہوں، رحمان بابا فرماتے ہے:

ے هغه ناوے چه پخپله بنائسته نه وی
خوک به ئے خه کاندی بنائست د مورا و نیا

و آخِرُ الدعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

(قہقے/تالیاں)

جناب سپیکر: جی نور سحر بی بی، اس تعزیتی اجلاس کے حوالے سے۔

محترمہ نور سحر: تھینک یو، سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: موضوع تک، ذرا مختصر رکھیں۔

محترمہ نور سحر: ہاں ٹھیک ہے۔ سپیکر صاحب، میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں لیکن آپ کو پتہ ہے کہ میں این ڈی او کی ورکشاپ میں گئی ہوئی تھی لیکن اس فاتحہ خوانی کیلئے اور اپنے بھائی کی تعزیت میں شریک ہونے کیلئے میں رات کو آئی ہوں۔ مجھے بڑا افسوس ہو رہا ہے کہ آج وہ ہم میں نہیں ہیں اور میں یہ دعا کروں گی کہ جو بھائی ہمارے بیمار ہیں، اللہ کرے، وہ ہم میں شامل ہو جائیں، اس فلور پر دوبارہ بیٹھیں اور ہمارے ساتھ شریک ہوں۔ میں ان کیلئے بھی بڑی دعا گو ہوں اور ہمایون خان صاحب کی شکر گزار ہوں کہ کل سے بلکہ دو تین دن سے ہمارے دلوں میں جو خدشے تھے، جو Misunderstanding تھی، شکر ہے انہوں نے وہ Clear کر دی ہے، کسی حد تک ہمارے دل Clear ہو گئے ہیں کہ ان کیلئے ہیلی کاپٹر کیوں نہیں بھیجا گیا ہے۔ سپیکر صاحب، اس کے بعد میں آپ کی توجہ ایک اہم بات کی طرف دلاتی ہوں کہ ٹھیک ہے افتخار خان تو آج ہم میں نہیں ہیں، یہ بڑا Loss ہے ہماری پارٹی کا، اس فلور کا، اس ملک کا کہ ایسے عظیم لیڈر اور عظیم ورکر ہم سے جدا ہو گئے ہیں لیکن یہ ہے کہ میں کہتی ہوں کہ یہ ان کیلئے اور اس پارٹی کیلئے بھی خوش قسمتی کا باعث ہے کہ وہ بی بی کے مشن پہ جا رہے تھے، وہ اپنے کسی ذاتی کام کیلئے تو نہیں جا رہے تھے اور وہ اس راستے میں جو راستہ بی بی کے مزار تک جاتا ہے، شہید ہو گئے تو میں کہتی ہوں کہ بی بی کے بعد یہ پہلی خوش قسمتی کی شہادت ہے جو ان کو ملی ہے۔ یہ بڑا کریڈٹ ہے کہ بی بی کے بعد سب سے پہلی شہادت ان کو ملی اور جس مشن کیلئے بی بی نے خون دیا ہے، اس مشن کیلئے انہوں نے بھی خون دے دیا ہے اور موت تو سب کو ایک دن آنی ہے، کسی کو پہلے، کسی کو بعد میں لیکن جو عزت اور جو شہادت ان کو ملی ہے، یہ بہت کم لوگوں کو ملتی ہے اور اپنے بھائی کیلئے میں بہت شکر ادا کرتی ہوں کہ ان کو اگر شہادت آئی ہے تو بڑی عزت کے مقام پر آئی ہے یا بڑی عزت کے ساتھ ان کو ملی ہے اور جب بھی بی بی کی برسی آئے گی تو لوگ بی بی کو بھی یاد کریں گے لیکن ساتھ افتخار شاگئی صاحب کو بھی نہیں بھولیں گے، ایک ہی دن ہو گیا ہے۔ یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ 26 کو ان کی Death ہوئی اور 27 کو بی بی کی برسی کے دن ان کو سپرد خاک کیا گیا، یہ بڑی اہم اور اعزاز کی بات ہے جو ان کو ملی ہے۔ اللہ کرے ہم سب کو بھی اسی طرح اعزاز کے ساتھ موت مل جائے تو وہ موت موت نہیں ہوتی، وہ شہادت ہوتی ہے اور اس جہان کیلئے بھی ان کیلئے بہت اچھا ہو گیا۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں اس پر بھی شکر گزار ہوں کہ وہ ہم سے بم دھماکے میں جدا نہیں ہو گئے۔ میں اس پر بھی شکر گزار ہوں کہ ان کو کسی نے Shoot نہیں کیا۔ میں اس پر بھی شکر گزار ہوں کہ وہ طالبان کی نذر نہیں ہو گئے، نہ جانے آج ان کا کیا حال ہوتا، آج امن کے کیا حالات ہوتے اگر وہ اس طرح ہم سے جدا

ہوتے؟ یہ جدائی تو جدائی ہے لیکن یہ عزت کی جدائی ہے، یہ خوش نصیبی کی جدائی ہے اور یہ اس جہاں کیلئے بہتری کی جدائی ہے۔ یہ جہاں ان کو جتنا ملا تو یہاں بھی وہ عزت سے رہے، آگے بھی اس جہاں میں بڑی عزت سے اور پر وقار طریقے سے رہیں گے کیونکہ وہ جس مشن میں گئے ہیں، وہ پارٹی کیلئے ہی چلے گئے ہیں۔ میں ان کو سلام پیش کرتی ہوں، ان کی شہادت کو سلام پیش کرتی ہوں اور اپنے اس بھائی کو دوبارہ ایک دفعہ پھر سلام پیش کرتی ہوں اپنی ان بہنوں کی طرف سے، اپنے اس فلور کی طرف سے کہ ان کو اعلیٰ مقام پر شہادت ملی ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> سپیکر صاحب! میں ایک درخواست کروں گی کہ ان کی شہادت کی بناء پر اگر ایک دو دن کیلئے آپ اسمبلی کا اجلاس Adjourn کر لیں تو یہ بھی ان کیلئے ایک اہم اعزاز ہو گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، جی۔ شازیہ طہماش، مختصر جی، بس اجلاس۔۔۔۔

<u>محترمہ شازیہ طہماش:</u> بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، اپنے مرحوم ساتھی کے حوالے سے میں زیادہ لمبی بات نہیں کروں گی اور باقی ساتھی اس پہ بات کر چکے ہیں لیکن صرف ان کے کردار کے حوالے سے ایک پوائنٹ، ایک Aspect جو Miss ہو گیا تھا، وہ یہی تھا کہ مرحوم نے کبھی بھی اس طرح کی سازشی سیاست نہیں کی کہ ادھر کی بات ادھر اور ادھر کی بات ادھر۔ مرحوم کے حوالے سے کچھ عرصہ پہلے، کچھ دنوں پہلے ہی کی بات ہے کہ ہم خواتین میں کچھ مسئلہ ہو گیا تو باقاعدہ انہوں نے اس میں اپنا ثالثی کردار ادا کیا تھا، کہیں بھی یہ نہیں کیا کہ بھئی اس جنگ کو، جھگڑے کو مزید ہوا دیں۔ جہاں تک ہمایون خان کی Explanation کا تعلق ہے تو میں بالکل اس سے متفق نہیں ہوں، میرے ابھی بھی اس پہ تحفظات ہیں۔ ابھی بھی ایسی کئی باتیں ہیں جس میں میں چاہتی ہوں کہ مجھے مزید اس کی وضاحت مل سکے۔ آج ایک ایم پی اے کے ساتھ ایسا ہوا ہے، کل اوروں کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے لیکن یہ میں اس فورم پہ ان سے وضاحت نہیں مانگوں گی، یہ تعزیتی اجلاس ہے۔ میں نہیں سمجھتی کہ ہمایون خان کا میں شکریہ ادا کروں اور ان کی خدمات میں مزید شکریے کے القابات سے میں ان کو نوازوں۔ میرے اپنے کچھ Reservations ہیں، وہ پیپلز پارٹی کا ساتھی تھا، وہ اپوزیشن کا نہیں تھا اور وہ صرف عبدالاکبر خان کا ساتھی نہیں تھا، یہ ہم سب کا جائنٹ مسئلہ ہے۔ سی ون تھرٹی اگر زخمیوں کو چھوڑ کے آ سکتا تھا واپس، تو پھر اس کا کام کیا تھا؟ وہ Dead body کو بھی لا سکتا تھا۔ (تالیاں) لیکن خوشی اس بات کی ہے کہ

ہمایون خان باقاعدہ وہاں پہ موجود رہے تھے اور پھر جو ہے، لواحقین کے ساتھ انہوں نے اپنا وقت گزارا ہے، ہمارے باقی وزراء بھی اس میں شامل رہے ہیں۔ آخر میں جناب سپیکر صاحب، ایک شعر میں مرحومین کی نذر کرنا چاہوں گی، میں بی بی کی نذر بھی اسے ضرور کرونگی:

وہ اشک بن کے میری چشم تر میں رہتا ہے
عجیب شخص ہے پانی کے گھر میں رہتا ہے
بہت قریب کا رشتہ ہے مرنے والے سے
زمین میں دفن ہے لیکن نظر میں رہتا ہے

بہت شکریہ جی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ زمین خان صاحب، مختصر خبرے او کړئ۔ وہ قرارداد کدھر ہے؟ لا رہے ہیں کہ ۔۔۔۔۔

جناب محمد زمین خان: ډيره شکريه جناب سپيکر صاحب، چه نن په دے افسوسناکه واقعه باندے د يو دوه څلورو خبرو او مرحوم ته د خراج تحسين پيش کولو موقع تاسو راکړه، زۀ ستاسو ډير مشکور يمه۔ جناب سپيکر صاحب، افتخار خان شاګئ ما سره جخت کښيناستو پاڅيدو، مونږ سره ئے ډير نزدے ناسته پاسته وه۔ هغه هميشه د پاره خپل ژوند د جمهوريت د پاره، د دے پاکستان عموماً او د دے پښتونخوا د غريب اولس د حقوقو د پاره، د قانون د حکمرانئ د پاره او د دے پارليمان د بالادستئ د پاره خپلے هلے ځلے کړے وے، خپل جدوجهد ئے کړے وو او نن هغه جدوجهد کښے، د جمهوريت په لاره کښے، د دغه غريب اولس د چغے او د آواز، د هغوی د سربلندئ د پاره چه هغه کومه شمع ژوندئ ساتلو د پاره د بينظيرے بی بی شهيد مزار ته تلو نو په هغه لاره کښے هغه خپله وينه هم ورکړه، مونږه د هغه دے شهادت ته خراج تحسين پيش کوؤ۔ هغه د دے غريب اولس د پاره چه کومه وينه ورکړے ده، هغے ته سلام پيش کوؤ او د هغه د ايصال ثواب د پاره چه کومه دعا دلته کښے اوکړه، مونږه دا دعا کوؤ چه هغوی ته رب ذوالجلال د قيامت په ورځ د عرش معلیٰ د سائے لاندے ځائے ورکړی او د هغه چه څومره وارثين دی، د هغوی د پاره چه کوم قرارداد راځی نو يا زمونږه چه

کوم بل ملګرے وفات شوے دے ، د هغوی د پاره، نو د هغے مونږه حمایت کوؤ۔
ډیره ډیره مننه، شکریه۔

جناب سپیکر: شازیہ اورنگزیب بی بی۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ زۀ به جی ډیره وړه خبره کومه۔ هغه جی یو ډیر ښه انسان وو، زما خو ورسره ډیر Shortly تعلق پاتے شوے دے ځکه چه اوس زمونږه په اسمبلئ کښے د یو بل سره تعلق پاتے شو۔In fact د هغه تعلق د مردان سره وو، زما د کور سره جخت د هغه کور وو او هغه اوس د دے خپل Death نه بلکه زۀ اوس په چهټئ باندے تلے وومه، د هغے نه مخکښے هغوی ما له Invitation را کړے وو، وئیل ئے جی چه تعلق خو زمونږ د Different پارټیانو سره دے خو چه کله هم تۀ کلی ته راشے نو ضرور به ما سره چائے یا روټئی خورے۔ نو زما دعاګانے د هغوی سره د هغے دنیا د پاره دی جی خو یو ریکوسټ دے ځکه چه مونږ به تعزیت هم کوؤ، مونږ به ټولے ډیرے ښے خبرے کوؤ، I think he was very lucky چه نن ټول پاڅی او د هغوی تعریفی خبرے کوی۔ جناب سپیکر، یو پریکټیکل ورک کول پکار دی او د هغه د پاره، د هغوی د فیملی د پاره Compensation، دا صرف یو Lips service نه دے پکار، دا Practically د هغوی د پاره، یو Compensation د هغوی د فیملی د پاره پکار دے چه کوم Worthy matters دی او دا Ignore کول نه دی پکار نو زۀ به ډیره Grateful یمه که تاسو په دے باندے څه Implementation اوکړئ۔ خبرے ډیرے کیږی، Implementation نه کیږی نو مونږ به ریکوسټ کوؤ چه تاسو د دوئ د پاره څه Implement کړئ۔ Thank you very much.

جناب سپیکر: انشاء اللہ، انشاء اللہ۔ پرنس جاوید صاحب، اقلیتی برادری کی طرف سے۔

پرنس جاوید: جناب سپیکر، میں اپنی طرف سے اور صوبہ سرحد کے تمام مذہبی واقلیتوں کی طرف سے، محترم جناب، ہمارے مرحوم دوست افتخار خان شاگئی کی اچانک جو وفات ہوئی ہے، وہ ہماری نظر میں شہید ہیں کیونکہ وہ بی بی شہید کے مزار پر عقیدت کیلئے جارہے تھے اور یہ واقعہ پیش آیا تو ان کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ مرحوم افتخار خان شاگئی صاحب بہت ملنسار، عوام دوست اور ایک دوسرے کا غم باٹنے والے شخصیت تھے۔ ان سے ہمارا بہت لگاؤ تھا اور ہمارے ساتھ بیٹھ کر بہت اچھی اچھی باتیں انہوں نے کیں اور

ہمارے جو مسائل ہیں، ان پر بھی بات کرتے تھے۔ میں ان کی اس خدمت کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ خراج تحسین بھی پیش کرتاہوں اور ان کے علاقے کے جو عوام غمزدہ ہیں، ہم کوشش کریں گے کہ ان کے علاقے کیلئے بھی کام کر سکیں اور وہاں کے عوام کے جو جذبات ہیں، ہم ان کی قدر کرتے ہیں اور ہم اپنے مرحوم دوست کیلئے پھر ایک بار یہ اظہار کرتے ہیں کہ ان کی خدمات کو میں کبھی بھی نہیں بھول سکتا اور تمام صوبے کی مذہبی اقلیتیں بھی نہیں بھول سکتیں۔ خدا تعالیٰ ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جاوید بھائی۔ جی، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر، میں درخواست کرونگا کہ رول 240 کے تحت رول 124 کو معطل کر کے ہمیں یہ تین قرار دیں پیش کرنے کی اجازت دے دیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> معزز ممبر صاحب نے رول 124 کو رول 240 کے تحت Suspend کرنے کی التجاء کی ہے تاکہ انہیں قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔ آیا یہ معزز ایوان اس کی اجازت دیتا ہے؟ جو اس کے حق میں ہیں وہ 'ہاں' میں جواب دیں اور جو اس کے مخالف ہیں وہ 'ناں' میں جواب دیں۔

(تحریک منظور کی گئی)

<u>جناب سپیکر:</u> جی ہاں، قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ معزز ممبر صاحب، ممبران صاحبان اپنی قرارداد پیش کریں۔

قراردادہا

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ ایک قرارداد ہے جس میں محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ ہیں، جناب سکندر شیرپاؤ صاحب ہیں، جناب اکرم خان درانی صاحب ہیں، جناب میاں افتخار حسین صاحب ہیں، جناب شاہ حسین خان صاحب، جناب قلندر خان لودھی صاحب، جناب ثاقب اللہ چمکنی صاحب، جناب ہمایون خان صاحب اور جناب عبدالاکبر خان صاحب ہیں۔ اس میں ایک نام جاوید عباسی صاحب کا بھی ہے۔ "یہ معزز ایوان اپنے ایک معزز رکن افتخار خان شاگئی کی حادثاتی موت پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتا ہے اور ان کے پارلیمانی کردار کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور جملہ پسماندگان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور یہ ایوان اسی حادثے میں زخمی ہونے والے

دونوں اراکین اسمبلی، جناب لیاقت شباب صاحب اور جناب ملک طہماش خان صاحب کے ساتھ بھی دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کرتا ہے۔ یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتا ہے کہ وہ مرحوم ایم پی اے کے خاندان، بچوں اور بیوہ کیلئے خصوصی مراعاتی پیکج کا اعلان کرے اور یہ بھی کہ دوسرے معزز رکن اسمبلی، جناب اختر نواز خان مرحوم کو بھی اس مراعاتی پیکج میں شامل کرے اور اس قرارداد کی مندرجات کو اسمبلی روایات کا حصہ قرار دے"۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب، تاسو څه وایئ؟

وزیر اطلاعات: جی ما پکښې یوه خبره Add کړې وه چه دیکښې دا 'مراعات' لفظ راځی نو دیکښې Complications دی د فنانس د طرف نه، نو د هغې د پاره د کمیټی جوړه شی چه د دې پیکج تعین او کړی، هغه لږ دغه پکښې شته دے۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر اطلاعات: هغه مونږه لیکلے دے جی۔

جناب سپیکر: وہ آجائے گی، وہ آجائے گی۔ ټهیک شوه جی، هغه به تاسو تیار روئ جی۔

مفتی کفایت اللہ: دوه نور دی نو هغه بیا وروستو او کړم؟

جناب سپیکر: ہاں جی؟

مفتی کفایت اللہ: په دوه نورو باندې هم مونږه اتفاق کړې دے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، مجھے اجازت دے دیں کہ میں اس میں Amendments add کروں۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔ مائیک آن کریں ان کا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، آخر میں یہ کہ "اس عمل کو مکمل کرنے کیلئے اسمبلی کی ایک خصوصی کمیٹی بنائی جائے جو اپنی رپورٹ تین دن میں پیش کرے"۔

(قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: هغه دغه ما ته تاسو۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب عبدالاکبر خان: تعین به او شی کنه جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک شو۔ اچھا ابھی، بس ستاسو خو د پړهاؤلو ضرورت نشته کنه، هغوی نوم واغستلو، د ټولو نومونه ئے واغستل۔ Now the question is that the resolution moved by the Honourable Members/ Ministers may be adopted?

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ یہ جی With amendments کرلیں۔

Mr. Speaker: With amendments, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. (Applauses)

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، بہت شکریہ۔ ایک اور قرارداد ہے، اس کی اجازت دے دی جائے۔

جناب سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: اس کے اندر بھی وہ تمام ساتھی شامل ہیں جن کے میں نے پہلی قرارداد میں نام لیے اور ہمارا آپس میں بھی اتفاق ہوگیا ہے کہ "یہ معزز ایوان غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے مظالم اور بربریت کی وجہ سے معصوم اور بے گناہ فلسطینیوں کے قتل عام پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ خونخوار درندے اسرائیل کو مزید قتل وخون سے روکے اور یہ معزز ایوان قرار دیتا ہے کہ پاکستان سمیت تمام عالم اسلام مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دے"۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب، تاسو پرے څه وئیل غواړئ؟

وزیر اطلاعات: دا چه ټول ئے اووایو نو بنه به وی چه چا کړے دے دا قرارداد۔

جناب سپیکر: دا خو د ټولو د طرفه دوئ اووئیل خو نه تاسو ټول ئے وئیل غواړئ؟

وزیر اطلاعات: په هغے بل باندے بحث شوے وو خو په دے باندے بحث نه دے شوے-----

(قطع کلامیاں/ شور)

جناب سپیکر: نه، نومونه ئے پکښے د ټولو اووئیل کنه۔

وزیر اطلاعات: نه جی په هغے بل باندے بحث اوشولو او په دے باندے بحث نه دے شوے چه هر سړے ئے پخپله پیش کړی، دا فلسطین هم ډیره اهم ایشو ده۔

جناب سپیکر: ٹهیک شوله۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: وایه بی بی، بسم اللہ۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر، یہ رول 124 جو ہے سر، یہ Basically ایک قرارداد پر Binding ہے Fifteen days، اس رول کو آپ Relax کرالیں۔ جناب سپیکر، انہوں نے ایک قرارداد کیلئے رول Suspend کیا ہے، اب اگر دوسری قرارداد پیش کریں گے جناب سپیکر، تو وہی رول دوبارہ Suspend کرانا ہوگا۔

جناب سپیکر: دوبارہ اس کی کیا؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، وہ جو رول ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، پہلے یہ-----

جناب سپیکر: هغه مخکښے وئیلی وو چه د دریے واړو د پاره اجازت غواړمه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: انہوں نے تین کا کہا تھا، انہوں نے تین کا کہا تھا۔

جناب عبدالاکبر خان: ایک کا کہا تھا۔

جناب سپیکر: نه د دریے واړو د پاره وو جی۔ بی بی، بس اوشولو۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ "یہ معزز ایوان غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے مظالم اور بربریت کی وجہ سے معصوم اور بے گناہ فلسطینیوں کے قتل عام پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ خونخوار درندے، اسرائیل کو مزید قتل و خون سے روکے اور یہ معزز ایوان قرار دیتا ہے کہ پاکستان سمیت تمام عالم اسلام مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دے"۔

جناب سپیکر: جی سکندر خان شیرپاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: مهربانی، جناب سپیکر۔ "یہ معزز ایوان غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے مظالم اور بربریت کی وجہ سے معصوم اور بے گناہ فلسطینیوں کے قتل عام پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور

عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ خونخوار درندے اسرائیل کو مزید قتل وخون سے روکے اور یہ معزز ایوان قرار دیتا ہے کہ پاکستان سمیت تمام عالم اسلام مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دے"۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی ہمایون خان۔

<u>جناب محمد ہمایون خان(وزیر خزانہ):</u> "یہ معزز ایوان غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے مظالم اور بربریت کی وجہ سے معصوم اور بے گناہ فلسطینیوں کے قتل عام پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ خونخوار درندے، اسرائیل کو مزید قتل وخون سے روکے اور یہ معزز ایوان قرار دیتا ہے کہ پاکستان سمیت تمام عالم اسلام مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دے"۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی میاں افتخار صاحب۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> جناب سپیکر صاحب،"یہ معزز ایوان غزہ کی پٹی پر اسرائیل کے مظالم اور بربریت کی وجہ سے معصوم اور بے گناہ فلسطینیوں کے قتل عام پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ خونخوار درندے اسرائیل کو مزید قتل وخون سے روکے اور یہ معزز ایوان قرار دیتا ہے کہ پاکستان سمیت تمام عالم اسلام"، زۂ بہ جی دلتہ اووایم چہ "تمام دنیا مظلوم فلسطینیوں کا ساتھ دے" عالم اسلام سرہ دنیا ھم پکار دہ کنہ، کہ ټولہ دنیا وی نو بدہ دہ؟

<u>جناب سپیکر:</u> بل شوک ئے خو نہ پیش کوی؟

<u>آوازیں:</u>نہ۔

<u>Mr. Speaker</u>: Okay, the question is that the resolution moved by the Honourable Members/Ministers may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. The resolution is adopted unanimously. Jee Kifayat ullah Sahib.

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> یہ تیسرا ہے جی۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> دا یو خو مونږ لہ را کړہ کنہ چہ مونږہ ئے پیش کړو، ټول د پخپلہ اووئیل۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> نہیں، یہ تو بالکل حکومت کی ڈیوٹی ہے، یہ میں میاں صاحب کو بھی دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: څه ورکړه ورله۔ میاں صاحب کو دے دیں جی، شکریہ۔ میاں افتخار صاحب، اس قرارداد کو آپ۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: یہ جی ان سب لوگوں کی طرف سے ہے۔

(قطع کلامیاں/شور)

مفتی کفایت اللہ: سب کی ہے۔

جناب سپیکر: جی میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: زۀ جی د مفتی صاحب قدر کومه، ما خو خبره اوکړه او هغوی یکدم اومنله، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریه۔ نن بنه ماحول دے او دا تعزیتی اجلاس دے نو ډیر بنه، خدائے د خوشحاله لری، دغه شان ماحول ټول عمر له چه دا سے اوساتلے شی۔

وزیر اطلاعات: آمین۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

وزیر اطلاعات: "یہ اسمبلی بونیر میں 'خود کش' دھماکے کی پرزور مذمت کرتی ہے، اس حادثے میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور ان کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور اس حادثے میں زخمی ہونے والوں کی صحت یابی کیلئے خداوند کریم سے دعا کرتی ہے"۔

مفتی کفایت اللہ: یو عرض کومه جی۔

جناب سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: انہوں نے جی ایک لفظ 'خود کش' استعمال کیا، تو یہ لفظ 'خود کش' نہیں، 'خود کُش' ہے۔ یہ فارسی کا لفظ ہے، 'کُش' کے معنی قتل کر دینا اور 'کش' کے معنی کھینچنا۔ 'خود کش' ، کسی کو گھسیٹ دینے کو 'خود کش' کہتے ہیں اور جان سے مار دینا یا اپنے آپ کو اڑا دینا، یہ 'خود کُش' ہے۔ اگر میری اسی وضاحت سے برا نہ جانے، اگر وہ یہ اپنی اصلاح کر لیں تو آئندہ کیلئے 'خود کُش' استعمال کیا کریں۔

وزیر اطلاعات: زۀ ورسره څکه منم چه د ملیانو د میاں ګانو نه لرۀ اردو بنه وی۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: جی سکندر خان شیر پاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: دا به جی ښه وی چه که حکومت ته مونږه دا مطالبه هم اوکړو چه دغه کوم کسان چه پکښے شهیدان شوی دی چه د هغوی د پاره د Compensation څه اعلان اوشی او دا کوم چه زخمیان دی، چه د هغوی د پاره هم دغه اوشی، نو دغه۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: دا د قرارداد حصه نه ده خو زمونږه خپل یو طریقه کار دے۔ د شهیدانو د پاره دغه شته دے، دا په حکومت باندے Binding ده چه د مړی د پاره یو لاکھ، د شدید زخمیانو د پاره پنځوس زره روپئ او معمولی زخمیانو د پاره پینځویشت زره روپئ دی۔

Mr. Speaker: Now…..

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: زهٔ یو عرض کومه جی چه مونږه په خپل وخت کښے داسے کار کولو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مائیک آن کریں اکرم خان درانی صاحب کا۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، مونږه داسے کار کړے وو چه کم از کم په لس ورځے کښے به د هغے سړی کور ته چیک رسی او دا که ریکارډ اوکتے شی نو بیا مونږ سات دن کړے او هغه کور ته به په سات دن کښے دننه دننه متعلقه ایم پی اے د دے هاؤس چه د چا په حلقه کښے به واقعه وه، هغه ته به مونږه چیک ورکړلو۔ هغه ایم پی اے به پخپله لاړو او هلته به هغے کورنئ ته لاړو او هغوی سره به په غم کښے هم شریک شو۔ اوس جی ډیر په ادب سره، درے میاشتے زمونږه د بنوں والا شوے دی، هغوی ته نه دی رسیدلی او په بډه بیره کښے شوی دی، هغوی ته نه دی رسیدلی جی، په ډی آئی خان کښے جی واقعه شوے ده، هغوی ته په درے څلورو میاشتو کښے هم نه دی رسیدلی نو زهٔ به ګورنمنټ ته جی دا ریکویسټ کومه، بشیر خان هم ناست دے، که دا هاؤس نن دا فیصله اوکړی نو زمونږ د کلرک به څه کار وی چه هلته کښے دوئ چیک نه شی جوړولے؟ هوم ډیپارټمنټ، چه دومره اهم خبره وی او هوم ډیپارټمنټ سره دومره

وخت نه وی چه یو سړے دے ، د هغه کور په وینو کښنے لت پت دے او دوئ پینځه ورځو کښنے د هغوی کور ته چیک نه شی رسولے نو زهٔ به دا گزارش اوکړمه چه کم از کم چه څومره په دے صوبه کښنے شوی دی، که د چا هم پینډنگ وی چه هغه هغے کورونو ته د متعلقه ایم پی اے په لاس باندے اورسوی او کم از کم ټائم د دے لس ورځے Binding شی چه لس ورځو نه زیات ټائم به نه تیروی او بیا چه چرته په تکلیف ټائم کښنے تهٔ لږ څه ورکړے نو د هغے کور هغه سړے خو تهٔ نه شے ورکولے خو هغه غم به ئے ورسره کم شی۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب، سینیئر منسٹر۔ جناب بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب، درانی صاحب خبره اوکړله۔ داسے ده چه حکومت، څنګه چه مونږه اعلان کوؤ، لږ تحقیق په دے زیات کوؤ چه د غلط سړی لاس ته دا پیسے لاړے نه شی او دا زمونږه فیصله ده او په فلور آف دی هاؤس مونږه Commitment کوؤ چه مونږه پیسے ورکوؤ او دا Assurance ورله هم ورکومه چه زر تر زره به انشاء الله ملاویږی۔ په دیکښنے دا ده چه ډی سی او صاحب د هغوی نه لږ پوره ډیټیل واخلی او بیا ډیپارټمنټ ته راشی او بیا چیک ایشو شی، نو انشاء الله دوئ ته دا تسلی ورکومه۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی): پاخئ مه، چه بالکل هغه لس ورځو کښنے به کوشش اوکړو چه لس ورځو کښنے دننه دننه هغوی ته پیسے ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: لس ورځو کښنے دننه ټهیک دی جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی): چه چرته چا ته نه دی ملاؤ شوی، هلته به هم زر تر زر ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی، دس دن کښنے د غه شو۔ Now the question is that the resolution moved by the Honourable Members/Ministers may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is adopted unanimously. (Applause)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اگر وہ کمیٹی ہم بنالیں تو وہ تین دن میں ہو جائے گا۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: وہ کمیٹی میں کر رہا ہوں، میں کمیٹی کر رہا ہوں لیکن ایک چیز ضروری مجھ سے رہ گئی تھی۔ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: محترمہ ستارہ ایاز صاحبہ، وزیر سماجی بہبود، 29 دسمبر 2008تا4 جنوری 2009: جناب ظاہر شاہ صاحب، ایم پی اے، 29 دسمبر 2008 کیلئے: جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے، 29 دسمبر 2008 کیلئے: جناب کشور کمار صاحب، ایم پی اے، 29 دسمبر 2008اور30 دسمبر 2008: جناب احمد خان بہادر صاحب، ایم پی اے، 29 دسمبر 2008 کیلئے: جناب زیاد اکرم خان درانی صاحب، 29 دسمبر 2008 کیلئے: جناب مرید کاظم شاہ صاحب، ایم پی اے، 29 دسمبر 2008 کیلئے۔ Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted. لاء اینڈ آرڈر پر بحث کل جاری رہے گا۔ The sitting is adjourned till 10 a.m. of tomorrow morning. Thank you very much.

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ 30 دسمبر 2008ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)